© rasailojaraid.com

## جامع مسجد العقیل اہل حدیث مظفر ٹاؤن میں جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 27 مئی بروز اتوار بعد نماز مغرب جامع مسجد العقیل اہل حدیث مظفر ٹاؤن (چونترہ) میں عظیم الشان جلسہ سیرت النبی ﷺ زیر صدارت رئیس الجامعہ منعقد ہوا۔ پروگرام کا آغاز قاری ہدایت اللہ کی تلاوت سے ہوا، تلاوت کے بعد جامعہ کے طالب علم ذیشان کشمیری نے نعت پیش کی۔ جلسہ سے مولانا احسن ربانی اور واعظ شیریں بیان حضرت مولانا حافظ محمد اسحٰق اوکاڑوی نے خطاب کیا۔ جلسہ کے آخر میں مہمانوں کی ضیافت کی گئی۔

# وفیات

## شاہ محمد علوی وخالد شاہ علوی (سوڈھی جے والی) کو صدمہ

جامعہ اسلامیہ سوڈھی جے والی کے رئیس شاہ محمد علوی کے بڑے بھائی اور خالد شاہ علوی کے چچا جان مورخہ 16 مئی بروز بدھ وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم نیک اور بااخلاق انسان تھے۔ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر اور مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے شاہ محمد علوی کے گھر جا کر ان کے بھائی کی وفات پر تعزیت کی اور بلندی درجات کیلئے دعا کی۔

## جامعہ کے مدیر التعلیم مولانا محمد عبداللہ کو صدمہ

مورخہ 28 مئی بروز سوموار جامعہ کے مدیر التعلیم مولانا محمد عبداللہ کی ساس محترمہ، حاجی یحیٰی کی اہلیہ اور مولانا محمد اسلم کی والدہ محترمہ گیلتھا گانچھے بلتستان میں وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ مرحومہ بڑی ہی نیک اور بااخلاق خاتون تھیں مرحومہ کی غائبانہ نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے نماز جمعہ کے بعد چوک اہل حدیث میں اور جامعہ میں مولانا محمد عبداللہ نے پڑھائی۔

## ڈاکٹر محمد اسماعیل راشد (کھاریاں) کو صدمہ

مورخہ 30 اپریل بروز سوموار ڈینٹل سرجن ڈاکٹر محمد اسماعیل راشد (راشد ڈینٹل کلینک کھاریاں) کی والدہ محترمہ کھاریاں میں وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ انتہائی نیک اور بااخلاق خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ میں رئیس الجامعہ نے شرکت کی۔

## حاجی عبدالرحیم وعبدالرحمٰن (سوہاوہ) کو صدمہ

مورخہ یکم مئی بروز منگل حاجی عبدالرحیم وعبدالرحمٰن (سوہاوہ) کے بڑے بھائی عبدالحق مختصر علالت کے بعد



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ٹوبہ ٹیک سنگھ میں وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوۃ کے پابند اور انتہائی نیک انسان تھے۔ جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ کی تعمیر سے قبل نماز جمعہ کیلئے مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث جہلم میں آ کر نماز جمعہ پڑھتے رہے۔ مرحوم کی غائبانہ نماز جنازہ مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث جہلم میں رئیس الجامعہ نے جبکہ جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں نماز جمعہ کے بعد مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## مرزا تاسب، مرزا آصف محمود، مرزا آفتاب احمد اور مرزا اعجاز احمد (خورد) کو صدمہ

مورخہ 11 مئی بروز جمعہ مرزا تاسب، مرزا آصف محمود، مرزا آفتاب احمد و مرزا اعجاز احمد کی والدہ محترمہ اچانک وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ انتہائی نیک اور بااخلاق خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ موضع خورد کی جنازہ گاہ میں رئیس الجامعہ نے پڑھائی جس میں علاقہ بھر سے بھاری تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

## مہربان احمد (کالا گوجراں) کو صدمہ

مورخہ 16 مئی بروز بدھ مہربان احمد (کالا گوجراں) کے والد محترم طویل علالت کے بعد وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم جامع مسجد ابراہیمی اہل حدیث کالا گوجراں کے نمازی اور بااخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ کالا گوجراں میں رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## محمد علی و اختر علی (ڈھوک صوبیدار) کو صدمہ

ڈھوک صوبیدار میں سرگرم جماعتی ساتھی محمد علی کی والدہ محترمہ مورخہ 25 مئی بروز جمعہ اچانک وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ نیک اور بااخلاق خاتون تھیں۔ نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## رضا قریشی کو صدمہ

گزشتہ دنوں رضا قریشی کے برادر نسبتی محمد بلال ولد عبدالحفیظ سعودی عرب میں وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم کی نماز جنازہ حرم میں ادا کی گئی اور جہلم میں مرکزی جامع مسجد اہل حدیث چوک اہل حدیث میں نماز جمعہ کے بعد مولانا قطب شاہ نے غائبانہ نماز جنازہ پڑھائی۔

## مستری لالہ محمد یونس کی وفات

مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث کے بزرگ نمازی مستری لالہ محمد یونس وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوۃ کے پابند اور نیک انسان تھے۔ نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## بابا جی محمد عظیم، محمد لقمان وعبیدالرحمان (کوٹلہ آئمہ) کو صدمہ

مورخہ 16 جون بروز ہفتہ بابا جی محمد عظیم کے بیٹے اور محمد لقمان وعبیدالرحمان کے والد محمد حنیف کوٹلہ آئمہ میں وفات پا گئے۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم جامع مسجد اہل حدیث کوٹلہ آئمہ کے مستقل نمازی اور با اخلاق انسان تھے۔مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## ساجد عزیز، راشد عزیز ایڈووکیٹ وشکیل حسین کو صدمہ

مورخہ 20 جون بروز بدھ ساجد عزیز، راشد عزیز ایڈووکیٹ وشکیل حسین کے والد صوبیدار محمد حسین مختصر علالت کے بعد وفات پا گئے۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم جامع مسجد السلوی اہل حدیث کے مستقل نمازی اور مخلص جماعتی بزرگ ہونے کے ساتھ ساتھ انتہائی با اخلاق اور ملنسار انسان تھے۔نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔رئیس الجامعہ نے دورہ انگلینڈ سے واپسی پر مرحوم کے بیٹوں سے تعزیت کی اور بلندی درجات کی دُعا کی۔

## فرقان احمد شمسی، عمران احمد شمسی، اسرار احمد شمسی اور نعیم احمد شمسی کو صدمہ

فرقان احمد شمسی کی والدہ، عمران احمد شمسی کی دادی محترمہ، اسرار احمد شمسی کی تائی محترمہ اور نعیم احمد شمسی کی پھوپھی محترمہ 23 جون بروز ہفتہ وفات پا گئیں۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## صدیق احمد یوسفی، حاجی اختر حسین، حافظ معین اختر، ندیم مجید وابوبکر صدیق کو صدمہ

مورخہ 4 جولائی بروز بدھ حاجی اختر حسین وصدیق احمد یوسفی (سیکرٹری جنرل انجمن اہل حدیث جہلم) کے چچا زاد بھائی، حافظ معین اختر وندیم مجید کے چچا اور ابوبکر صدیق کے ماموں مختصر علالت کے بعد وفات پا گئے۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم نیک اور ملنسار انسان تھے۔مرحوم کی نماز جنازہ مرکزی جنازہ گاہ میں مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' وجامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔(آمین)



© rasailojaraid.com